# دیوان غالب

(نسخۂ حمیدیہ)

مرتبہ

پروفیسر حمید احمد خاں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بہرِ ترویجِ [1] جنابِ والیِ یوم الحساب
ضامنِ تعمیرِ قصرستانِ دلہائے خراب

جرم بخشائے کہ گر جوشد بہارِ رحمتش
بر فنائے خویش لرزد چوں دلِ مجرم عذاب

رافتش اعدائے او را در شمارِ سالِ عمر
نعلِ واژوں بندد از ناخن بر انگشتِ حساب

نوح عمرے مانَد طوفانی بہ بحرِ وحدتش
تا سر و زانو بہ موجے باخت مانندِ حباب

نغمہ چوں خوں در رگِ ابریشمِ ساز افسرد
ہیبتِ نہیش اگر جوشد بوضعِ احتساب

بارگاہش را ز خورشید است خشتِ آستاں
شمعِ بزمش را ست گلگیر از دو لختِ ماہتاب

ہم چمن زارِ ازل را قدرتش رنگ آفریں
ہم گلستانِ ابد را خوئے جاں بخشش سحاب

---

۱- مفتی انوار الحق کے شائع کردہ نسخے میں ''بہرِ ترویج'' سہوِ کتابت سے ''بہرِ ترویج'' ہو گیا ہے ، چنانچہ یہاں (اور بعد کے اشعار میں بھی جا بجا) اس غلطی کی تصحیح کر دی گئی ہے - واضح رہے کہ اس قصیدے کے اکثر اشعار کلیاتِ فارسی ، مطبوعہٗ نول کشور ، کے قطعہ نمبر ۶۰ میں ملتے ہیں -

بہرِ ترویجِ جنابِ اقدسے کز حکمِ او
صیقلِ آئینہ بر نورِ نظر ریزد حجاب

آستانش بر نشانگاہِ جلالے کز ادب
حلقۂ بیرونِ در گردیدہ چشمِ آفتاب

در پناہِ عفتش حورانِ جنت را ہنوز
پنبۂ روزن بود چشمِ سفیدِ ماہتاب

سایہ اش جز در حریمِ قدس نتواں یافتن
کز شکستِ رنگِ امکاں عصمتش دارد نقاب

بہرِ ترویجِ خدائے از دو عالم رستگاں
عابدِ اللہ و معبودِ خلائق بو تراب

مہرباں پیرے کہ بہرِ دیدنِ ماہِ صیام
در کفِ مستانِ او تیغے ست از موجِ شراب

بادۂ خمخانۂ او پرتوِ نورِ جمال
پنبۂ مینائے او چشمِ سفیدِ ماہتاب

شہسوارِ قدرتے کز فرطِ تعظیم و جلال
سرمہ در چشمِ رکابش می کشد گردِ کتاب

ذوالفقارش شاہدے کاندر تماشا گاہِ قتل
میکشد در شوقِ او از موج الف بر سینہ آب

در خیالِ صدمۂ جاں دادگانِ ضربتش
می جہد از دیدۂ عیسیٰ چراغِ آفتاب

دُلدلِ برق آفرینش را رسے کاندر خیال
می جہد ہمچوں نگاہ از حلقۂ چشمِ رکاب



بسکہ شد ویرانِ شوخی خانۂ نظارہ اش
عینکِ پیرِ فلک گردیدہ ماہ و آفتاب

بہرِ ترویجِ حسنؓ ، فرماں دہِ اقلیمِ دیں
خسروِ عرش آستاں ، شاہنشہِ قدرت مآب

ناظمِ حسن آفرینی ، کز برائے خدمتش
از شفق بندد حنا بر شام دستِ آفتاب

جلوہ ریز آید اگر لطفش بہ ہنگامِ غضب
دودِ آتش می شود بارانِ رحمت را سحاب

بشکند شانِ تغافل گر بہ دلداریِ ناز
لذتِ قندِ محبت جوشد از زہرِ عتاب

توسنِ قدرش کہ عرش و خلد جولانگاہِ اوست
از خمِ زانوے جبریلِ امیں دارد رکاب

بہرِ ترویجِ شفیعِ عاصیاں ، یعنی حسینؓ
آنکہ جنت راست از اشکِ عزاداریش آب

بادشاہِ صابرے دریا دلے ، تشنہ لبے
کز غمش از لعل خوں باراست چشمِ آفتاب

شاہِ غیرت آفرینے ، کز پۓ تعلیمِ صبر
بخیۂ نقشِ قدم زد بر لبِ موجِ سراب

عاشقِ اللہ و معشوقِ وفادارِ رسولؐ
قبلۂ عشق و پناہِ حسن و جانِ بو تراب

درگہش را مخملِ خوابِ زلیخا فرشِ راہ
خیمہ گاہش را نگاہِ ماہِ کنعانی طناب

بہر ترویج امام ابن امام ابن امام
آدم آل عبا ، شاہنشہ عالی جناب

آستانش عالی و منزل گہ قدوش رفیع
بارگاہش عرش سامان و جنابش مستطاب

لالہ را ہم رنگی چشم بخوں آلودہ اش
میزند بر فرق از داغ غلامی انتخاب

بہر ترویج محمد باقر رض حیدر رض نژاد
کز خیال آستاں بوسیش می رقصد ثواب

بہر ترویج محمد جعفر رض صدق آفریں
عالم علم نبی و واقف سر کتاب

بہر ترویج شہ کاظم رض کہ در ہر عالم ست
چوں قضا حکمش رواں و چوں قدر رایش صواب

بہر ترویج رضا رض شاہ خراساں ، کز کرم
بہر تعمیر جہاں ، از کہکشاں دارد طناب

بہر ترویج تقی رض کاندر تماشا گاہ اوست
طاق ایوان آسماں ، آئینۂ او آفتاب

بہر ترویج نقی رض کز بہر تقریب نیاز
تحفہ آورد است نرگسداں بہ بزمش ماہتاب

بہر ترویج حسن رض پشت و پناہ خافقین
شاہ کیواں بارگاہ و خسرو جنت جناب

بعد ازیں ، بہر ظہور مہدی رض صاحب زماں
ظلمت آباد شب کفر و حسد را آفتاب



ابر لطفش ز آتش دوزخ بپالاید بہشت
برق قہرش ابر رحمت را کند دود کباب

حبذا معمار خلقے کز پئے تعمیر دیں
در کف از سر رشتۂ شرع نبی دارد طناب

میکند از ہم جدا صراف حکم قدرتش
در سیاست گاہ نصفت مس ز سیم ماہتاب

بعد ازیں بہر شہیدانے کہ خوش جاں دادہ اند
در شہادت گاہ ، شاہ کربلا را در رکاب

سیما از بہر ترویج علم دار حسین رض
پیشوائے لشکر شبیر ابن بو تراب

حضرت عباس رض عالی رتبہ کز چوگان او
می رود مانند گوئے بے سروپا آفتاب

بعد ازیں تاثیر دلجوئی دعائے زمرہ ایست
کز قلق دارند در دل آتش و در چشم آب

پادشاہاں ، مومناں ، جنت نصیباں ، عاشقاں
بے دلاں ، یعنی عزاداران آل بوتراب

راقم بے چارۂ پژمردہ دل یعنی اسد
کز فسردنہائے دل گردیدہ پابند جلاب

بر زباں مہر خموشی و بہ دل جوش جنوں
در ہوس آباد نادانی اسیر پیچ و تاب

نقد آگاہی بہ وہم فرصتے در باختہ
دست خالی بر سر و دل پایمال اضطراب

غافل از رفتارِ عمر و فارغ از تکمیلِ عشق
کردہ آغوشِ وداعِ دل نشیمن گاہِ خواب

بسکہ در صحرائے وحشت عقل و دیں درباختہ
لذتِ قندِ محبت جوید از زہرِ عتاب

خود تو میدانی کہ گم گردیدۂ دشتِ امید
تشنہ تر میگردد از بے آبیِ موجِ سراب

دل ز کار افتاد و پا واماند و دست از ہم شکست
قطعِ منزل کے تواں کردن بہ ایں حالِ خراب

مدّعا را بر زباں آوردن از بیگانگی است
جز نگاہت شاہدِ ما را کفن بادا نقاب

ذوقِ مطلب از تو و من از تو و مطلب ز تو
خود تو می بخشی و می فہمی زبانِ اضطراب

شعلۂ شوقِ ہوس دارم ز سودائے جنوں
کاتشِ افسردہ را بخشد بہارِ التہاب

دین و دنیا را بلا گردانِ نازت کردہ ام
جلوۂ رنگیں تر از صد گلشنِ خلد انتخاب

حرمتِ جانِ محمدؐ یک نظر کن سوئے من
یاعلیؓ یامرتضیٰؓ یابوالحسنؓ یابوترابؓ!

---



## قصیدۂ حیدری بہ تمہید بہار مغفرت

سازِ یک ذرہّ نہیں فیضِ چمن سے بے کار
سایۂ لالۂ بے داغ ، سویدائے بہار

مستیِ بادِ صبا سے ہے بعرضِ سبزہ
ریزۂ شیشۂ مے جوہرِ تیغِ کہسار

سنگ یہ کارگہِ ربطِ نزاکت ہے کہ ہے
خندۂ بے خودیِ کبک بہ دندانِ شرار

سبز جوں جامِ زمرد ، نہ ہو گر داغِ پلنگ
نشۂ نشو و نما کو سمجھ افسونِ بہار

کشتۂ افعیِ زلفِ سیہِ شیریں کو
بے ستوں سبزے سے ہے سنگِ زمرد کا مزار

حسرتِ جلوۂ ساقی ہے کہ ہر پارۂ ابر
سینہ بیتابی سے ملتا ہے بہ تیغِ کہسار

دشمنِ حسرتِ عاشق ہے رگِ ابرِ سیاہ
جس نے برباد کیا ریشۂ چندیں شبِ تار

مستیِ ابر سے گلچینِ طرب ہے حسرت
کہ اس آغوش میں ممکن ہے دو عالم کا فشار

کوہ و صحرا ہمہ معموریِ شوقِ بلبل
راہِ خوابیدہ ہوئی خندۂ گل سے بیدار

چشم بر چشم چنے ہے بہ تماشا مجنوں
ہر دو سو خانۂ زنجیرِ نگہ کا بازار

خانۂ تنگ ہجومِ دو جہاں کیفیت
جامِ جمشید ہے یاں قالبِ خشتِ دیوار
سونپے ہے فیضِ ہوا صورتِ مژگانِ یتیم
سرنوشتِ دو جہاں ابر بہ یک سطرِ غبار
کفِ ہر خاکِ چمن آئنہ قمری صیقل
دامِ ہر کاغذِ آتش‌زدہ طاؤس شکار
سنبل و دام کمیں خانۂ خوابِ صیّاد
نرگس و جام سیہ مستیِ چشمِ بیدار
طرہ ہا بسکہ گرفتارِ صبا ہیں ، شانہ
زانوئے آئنہ پر مارے ہے دستِ بےکار
بسکہ یکرنگ ہیں دل ، کرتی ہے ایجاد نسیم
لالے کے داغ سے جوں نقطہ و خط سنبلِ زار
اے خوشا فیضِ ہوائے چمنِ نشو و نما
بادہ پُر زور و نفس مست و مسیحا بیمار
جوہرِ ناخنِ بُرّیدہ بہ اندازِ ہلال
ریشۂ عجز کو کرتا ہے نمو سے سرشار
ہمتِ نشو و نما میں یہ بلندی ہے کہ سرو
پرِ قمری سے کرے صیقلِ تیغِ کہسار
ہر کفِ خاک جگر تشنۂ صد رنگِ ظہور
غنچے کے میکدے میں مستِ تامل ہے بہار
کس قدر عرض کروں ساغرِ شبنم یارب !
موجۂ سبزۂ نوخیز ہے لبریزِ خمار



غنچۂ لالہ سیہ مستِ جوانی ہے ہنوز
شبنمِ صبح ہوئی رعشۂ اعضائے بہار
بے دماغیِ تپش[1] سے ہوئی عریاں آخر
شاخِ گلبن پہ صبا چھوڑ کے پیراہنِ خار
سازِ عریانیِ کیفیتِ دل ہے لیکن
یہ مئے تند نہیں موجِ خرامِ اظہار
موجِ مے پر ہے براتِ نگرانی امید
گلِ نرگس سے کفِ جام پہ ہے چشمِ بہار
گلشن و میکدہ سیلابیِ یک موجِ خیال
نشہ و جلوۂ گل بر سرِ ہم فتنہ عیار
میکدے میں ہو اگر آرزوئے گل چینی
بھول جا یک قدحِ بادہ بطاقِ گلزار
موجِ گل ڈھونڈ بہ طوفاں کدۂ غنچۂ باغ
گم کرے گوشۂ میخانہ میں گر تو دستار
پشتِ لب تہمتِ خط کھینچے ہے بے جا یعنی
سبز ہے موجِ تبسم بہ ہوائے گفتار
کھینچے گر مانیِ اندیشہ چمن کی تصویر
سبز مثلِ خطِ نوخیز ہو خطِّ پرکار
جائے حیرت ہے کہ گلبازیِ اندیشۂ شوق
اس زمیں میں نہ کرے سبز قلم کا[2] رفتار

---

۱- بدل کر ''جوشِ بیدادِ تپش'' کیا گیا - ملاحظہ ہو مفتی انوارالحق کا نوٹ ان کے نسخے کے صفحہ ۲۲۵ پر -
۲- مولانا عرشی نے اسے سہوِ کاتب قرار دے کر اپنے نسخے میں ''کی'' شائع کیا ہے -

## مطلعِ ثانی

لعل سے کی ہے بہ مدحِ چمن آرائے بہار
طوطیِ سبزۂ کہسار نے پیدا منقار

کسوتِ تاک میں ہے نشۂ ایجادِ ازل
سبحۂ عرضِ دو عالم بہ کفِ آبلہ دار

بہ نظر گاہِ گلستانِ خیالِ ساقی
بے خودی دامِ رگِ گل سے ہے پیمانہ شکار

بہ ہوائے چمنِ جلوہ ہے طاؤس پرست
باندھے ہے پیرِ فلک موجِ شفق سے زنّار

یک چمن جلوۂ یوسف ہے بہ چشمِ یعقوب
لالہ ہا داغ برافگندہ و گل ہا بے خار

بیضۂ قمری کے آئینے میں پنہاں صیقل
سروِ بیدل سے عیاں عکسِ خیالِ قدِ یار

عکسِ موجِ گل و سرشاریِ اندازِ حباب
نگہ آئینۂ کیفیتِ دل سے ہے دوچار

کس قدر سازِ دو عالم کو ملی جرأتِ ناز
کہ ہوا ساغرِ بے حوصلۂ دل سرشار

ورنہ وہ ناز ہے جس گلشنِ بیداد سے تھا
طور مشعل بہ کف از جلوۂ تنزیہہِ بہار

سایۂ تیغ کو دیکھ اُس کے بذوقِ یک زخم
سینۂ سنگ پہ کھینچے ہے الف بالِ شرار



بت کدہ بہرِ پرستش گریِ قبلۂ ناز
باندھے زنّارِ رگِ سنگ میانِ کہسار

سبحہ گرداں ہے اُسی کے کفِ امید کا ابر
بیم سے جس کے صبا توڑے ہے صد جا زنّار

رنگریزِ گل و جامِ دو جہاں ناز و نیاز
اولیں دورِ امامت طرب ایجادِ بہار

جوشِ طوفانِ کرمِ ساقیِ کوثر ساغر
نُہ فلک آئنہ ایجادِ کفِ گوہر بار

پہنے ہے پیرہنِ کاغذِ ابری نیساں
یہ تنک مایہ ہے فریادیِ جوشِ ایثار

وہ شہنشاہ کہ جس کے پئے تعمیرِ سرا
چشمِ جبریل ہوئی قالبِ خشتِ دیوار

فلک العرش ہجومِ خمِ دوشِ مزدور
رشتۂ فیضِ ازل سازِ طنابِ معمار

سبزۂ نُہ چمن و یک خطِ پشتِ لبِ بام
رفعتِ ہمتِ صد عارف و یک اوجِ حصار

واں کی خاشاک سے حاصل ہو جسے یک پرِ کاہ
وہ رہے مروحۂ بالِ پری سے بیزار

پر یہ دولت تھی نصیبِ نگہِ معنیِ ناز
کہ ہوا صورتِ آئینہ میں جوہر بیدار

ذرّہ اُس گرد کا خورشید کو آئینۂ ناز
گرد اُس دشت کی امید کو احرامِ بہار

خاکِ صحرائے نجف جوہرِ سیرِ عُرفا
چشمِ نقشِ قدم آئینۂ بختِ بیدار

اے خوشا مکتبِ شوق و بلدستانِ مراد!
سبقِ نازکی ہے عجز کو صد جا تکرار

مشقیِ نقشِ قدم نسخۂ آبِ حیوان
جادۂ دشتِ نجف عمرِ خضر کا طومار

جلوہ تمثال ہے ہر ذرّۂ نیرنگِ سواد
بزمِ آئینۂ تصویر نما مشتِ غبار

دو جہان طالبِ دیدار تھا یا رب کہ ہنوز
چشمکِ ذرہ سے ہے گرم نگہ کا بازار

ہے نفس مایۂ شوقِ دو جہاں ریگِ رواں
پائے رفتار کم و حسرتِ جولاں بسیار

آفرینش کو ہے واں سے طلبِ مستیِ ناز
عرضِ خمیازۂ ایجاد ہے ہر موجِ غبار

دشتِ الفت چمن و آبلہ مہماں پرور
دلِ جبریل کفِ پا پہ ملے ہے رخسار

یاں تک انصاف نوازی کہ اگر ریزۂ سنگ
بےخبر دے بہ کفِ پائے مسافر آزار

یک بیاباں تپشِ بالِ شرر سے صحرا
مغزِ کُہسار میں کرتا ہے فرو نشترِ خار

فرش اِس دشتِ تمنا میں نہ ہوتا گر عدل
گرمیِ شعلۂ رفتار سے جلتے خس و خار



ابرِ نیساں سے ملے موجِ گُہر کا تاواں
خلوتِ آبلہ میں گم کرے گر تو رفتار

یک جہاں بسملِ اندازِ پرافشانی ہے
دام سے اُس کے قضا کو ہے رہائی دشوار

موجِ طوفانِ غضب چشمۂ نُہ چرخِ حباب
ذوالفقارِ شہِ مرداں خطِ قدرت آثار

موجِ ابروئے قضا جس کے تصور سے دونیم
بیم سے جس کے دلِ شحنۂ تقدیر فگار

شعلہ تحریر سے اُس برق کی ہے کلکِ قضا
بالِ جبریل سے مسطر کشِ سطرِ زنہار

موجِ طوفاں ہو اگر خونِ دو عالم ہستی
ہے حنا کو سرِ ناخن سے گزرنا دشوار

دشتِ تسخیر ہو گر گردِ خرامِ دُلدل
نعل در آتشِ ہر ذرہ ہے تیغِ کہسار

بالِ رعنائیِ دم موجۂ گل بندِ قبا
گردشِ کاسۂ سم چشمِ پری آئنہ دار

گردِ راہ اُس کی بھریں شیشۂ ساعت میں اگر
ہر نفس راہ میں ٹوٹے نفسِ لیل و نہار

رم رفتار ہو جس کوہ پہ وہ برق گداز
رفتنِ رنگِ حنا ہے تپشِ بالِ شرار

ہے سراسر رویِ عالمِ ایجاد آسے
جیبِ خلوت‌کدۂ غنچہ میں جولانِ بہار

جس کے حیرت کدۂ نقشِ قدم میں مانی
خونِ صد برق سے باندھے بکفِ دستِ نگار
ذوقِ تسلیمِ تمنا سے بہ گلزارِ حضور
عرضِ تسخیرِ تماشا سے بہ دامِ اظہار
مطلعِ تازہ ہوا موجۂ کیفیتِ دل
جامِ سرشار ہے و غنچۂ لبریزِ بہار

## مطلعِ ثالث فی المدح الحاضر

فیض سے تیرے ہے اے شمعِ شبستانِ بہار
دلِ پروانہ چراغانِ پرِ بلبل گُلزار
شکلِ طاؤس کرے آئنہ خانہ پرواز
جلوے میں تیرے ہے تسخیرِ ہوائے دیدار
گردِ جولاں سے ہے تیری بگریبانِ خرام
جلوۂ طور نمک سودۂ زخمِ تکرار
جس چمن میں ہو ترا جلوۂ محروم نواز
پرِ طاؤس کرے گرم نگہ کا بازار
جس ادب گاہ میں تو آئنۂ شوخی ہو
جلوہ ہے ساقیِ مخموریِ تابِ دیوار
تو وہ ساقی ہے کہ ہر موجِ محیطِ تنزیہہ
کھینچے خمیازہ میں تیرے لبِ ساغر کا خار



گرد باد آئنہ فتراکِ دماغِ دلہا
تیرا صحرائے طلب محفلِ پیمانہ شکار
ذوقِ بیتابیِ دیدار سے تیرے ہے ہنوز
جوشِ جوہر سے دلِ آئنہ گلدستۂ خار
تیری اولاد کے غم میں ہے بروئے گردوں
سلکِ اختر میں مہِ نو مژۂ گوہر بار
مدح میں تیری نہاں زمزمۂ نعتِ نبیؐ
جام سے تیرے عیاں بادۂ جوشِ اسرار
ہم عبادت کو ترا نقشِ قدم مُہرِ نماز
ہم ریاضت کو ترے حوصلے سے استظہار
تیرا پیمانہ ہے نسخۂ ادوارِ ظہور
تیرا نقشِ قدم آئینۂ شانِ اظہار
آیتِ رحمتِ حق بسملۂ مصحفِ ناز
مسطرِ موجۂ دیباچۂ درسِ اسرار
قبلۂ نورِ نظر ، کعبۂ ایجادِ مسیح
مژۂ دیدۂ نخچیر سے نبضِ بیمار
تہمتِ بے خودیِ کفر نہ کھینچے یارب !
کمیِ ربطِ نیاز و حظِ نازِ بسیار
ناز پروردۂ صد رنگِ تمنا ہوں ، ولے
پرورش پائی ہے جوں غنچہ بہ خونِ اظہار
تنگیِ حوصلہ گردابِ دو عالم آداب
دیدِ یک غنچہ سے ہوں بسملِ نقصانِ بہار

رشکِ نظارہ تھی یک برقِ تجلی کہ ہنوز
تشنۂ خونِ دو عالم ہوں بہ عرضِ تکرار
وحشتِ فرصتِ یک جیبِ کشش نے کھویا
صورتِ رنگِ حنا ہاتھ سے دامانِ بہار
شعلہ آغاز ولے حیرتِ داغِ انجام
موجِ سے لیک ز سر تا قدم آغوشِ خمار
ہے اسیرِ ستمِ کشمکشِ دامِ وفا
دلِ وارستۂ ہفتاد و دو ملت بیزار
مژۂ خواب سے کرتا ہوں بہ آسائشِ درد
بخیۂ زخمِ دلِ چاک بہ یک دستہ شرار
محرمِ دردِ گرفتاریِ مستی معلوم
ہوں نفس سے صفتِ نغمہ بہ بندِ رگِ تار
تھا سرِ سلسلہ جنبانیِ صد عمرِ ابد
ساز ہا مفت بریشم کدۂ نالۂ زار
لیکن اس رشتۂ تحریر میں سرتا سرِ فکر
ہوں بقدرِ عددِ حرفِ علیؓ سبحہ شمار
جوہرِ دستِ دعا آئنہ ، یعنی تاثیر
یک طرف نازشِ مژگاں بہ دگر سو غمِ خار
مردمک سے ہو عزاخانۂ یک شہرِ نگاہ
خاکِ در کی تری جو چشم نہ ہو آئنہ دار
دشمنِ آلِ نبی کو بہ طربِ خانۂ دہر
عرضِ خمیازۂ سیلاب ہو ، طاقِ دیوار



دوست اس سلسلۂ ناز کے جوں سنبل و گل
ابرِ میخانہ کریں ساغرِ خورشید شکار
لنگرِ عیش پہ سرشارِ تماشائے دوام
کہ رہے خونِ خزاں سے بہ حنا پائے بہار
زلفِ معشوق کشش سلسلۂ وحشتِ ناز
دلِ عاشق شکن آموزِ خمِ طرۂ یار
مئے تمثالِ پری نشۂ مینا آزاد
دلِ آئینہ طرب ساغرِ بختِ بیدار
دیدہ تا دل **اسد** آئینۂ یک سجدۂ شوق
فیضِ الفت سے رقم تا دلِ معنی سر شار

### ایضاً فی المنقبت

توڑے ہے عجزِ تنک حوصلہ بر روئے زمیں
سجدہ تمثال وہ آئینہ ، کہیں جس کو جبیں
توڑے ہے نالہ سرِ رشتۂ پاسِ انفاس
سر کرے ہے دلِ حیرت زدہ شغلِ تسکیں
بیدلی ہائے تماشا کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق
بیکسی ہائے تمنا کہ نہ دنیا ہے نہ دیں
ہرزہ ہے نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم
لغو ہے آئنۂ فرقِ جنون و تمکیں

یاس ، تمثالِ بہار آئنۂ استغنا
وہم ، آئینۂ پیدائیِ تمثالِ یقیں

خوں ہوا دردِ دو عالم سے تمنا کا دماغ
بزمِ یاس آں سوئے پیدائیِ و اخفا رنگیں

مثلِ مضمونِ وفا باد بہ دستِ تسلیم
صورتِ نقشِ قدم خاک بفرقِ تمکیں

خانہ ویرانیِ امید و پریشانیِ بیم
جوشِ دوزخ ہے خزانِ چمنِ خلدِ بریں

لافِ دانش غلط و نفعِ عبادت معلوم
دُردِ یک ساغرِ غفلت ہے چہ دنیا و چہ دیں

بادِ افسانۂ بیمار ہے عیسیٰ کا نفس
استخواں ریزۂ موراں ہے سلیماں کا نگیں

نقشِ معنی ہمہ خمیازۂ عرضِ صورت
سخنِ حق ہمہ پیمانۂ ذوقِ تحسیں

عشق بے ربطیِ شیرازۂ اجزائے حواس
وصل افسانۂ اطفالِ پریشاں بالیں

کوہ کن گرسنہ مزدورِ طرب گاہِ رقیب
بیستوں سازِ گراں باریِ خوابِ شیریں

موجِ خمیازۂ یک نشّہ چہ اسلام و چہ کفر
کجیِ یک خطِ مسطر چہ توہّم چہ یقیں

قبلہ و ابروئے بت ، یک رہِ خوابیدۂ شوق
کعبہ و بتکدہ ، یک محملِ خوابِ سنگیں



کس نے دیکھا جگرِ اہلِ جنوں نالہ فروش
کس نے پایا اثرِ نالۂ دلہائے حزیں

عیشِ بسمل کدۂ عیدِ حریفاں معلوم
خوں ہو آئینہ کہ ہو جامۂ طفلاں رنگیں

سامعِ زمزمۂ اہلِ جہاں ہوں ، لیکن
نہ سر و برگِ ستائش ، نہ دماغِ نفریں

نزعِ مخمور ہوں اس دید کی دھن میں کہ مجھے
رشتۂ سازِ ازل ہے نگہِ بازپسیں

حیرت آفت زدۂ عرضِ دو عالم نیرنگ
مومِ آئینۂ ایجاد ہے مغزِ تمکیں

وحشتِ دل سے پریشاں ہیں چراغانِ خیال
باندھوں ہوں آئنے پر چشمِ پری سے آئیں

کوچہ دیتا ہے پریشاں نظری پر صحرا
رمِ آہو کو ہے ہر ذرّے کی چشمک میں کمیں

چشمِ امید سے گرتے ہیں دو عالم جوں اشک
پاس[1] پیمانہ کشِ گریۂ مستانہ نہیں

کس قدر فکر کو ہے نالِ قلم موئے دماغ
کہ ہوا خونِ نگہ شوق میں نقشِ تمکیں

عذرِ لنگ آفتِ جولانِ ہوس ہے یارب
جل اٹھے گرمیِ رفتار سے پائے چوبیں

---

۱- یہ لفظ شاید ''یاس'' ہے جو سہوِ کاتب سے ''پاس'' ہوگیا ہے۔

نہ تمنا ، نہ تماشا ، نہ تحیّر ، نہ نگاہ
گردِ جوہر میں ہے آئینۂ دل پردہ نشیں

کھینچوں ہوں آئنے پر خندۂ گل سے مسطر
نامہ عنوانِ بیانِ دلِ آزردہ نہیں

رنجِ تعظیمِ مسیحا نہیں اُٹھتا مجھ سے
درد ہوتا ہے مرے دل میں جو توڑوں بالیں

بسکہ گستاخیِ اربابِ جہاں سے ہوں ملول
پرِ پرواز مری بزم میں ہے خنجرِ کیں

اے عبارت تجھے کس خط سے ہے درسِ نیرنگ
اے نگہ تجھ کو ہے کس نقطے میں مشقِ تسکیں

کس قدر نالہ پریشاں ہے عیاذاً باللہ
یک قلم خارجِ آدابِ جنون و تمکیں

جلوۂ ریگِ رواں دیکھ کہ گردوں ہر صبح
خاک پر توڑے ہے آئینۂ نازِ پرویں

شورِ اوہام سے مت ہو شبِ خونِ انصاف
گفتگو بے مزہ و زخمِ تمنا نمکیں

ختم کر ایک اشارت میں عباراتِ نیاز
جوں مہِ نو ہے نہاں گوشۂ ابرو میں جبیں

نقشِ لاحول لکھ اے خامۂ ہذیاں تحریر
”یا علی“ عرض کر اے فطرتِ وسواس قریں



معنیِ لفظِ کرم بسملۂ نسخۂ حسن
قبلۂ اہلِ نظر کعبۂ اربابِ یقیں

جلوہ رفتارِ سرِ جادۂ شرعِ تسلیم
نقشِ پا جس کا ہے توحید کو معراجِ جبیں

کس سے ہوسکتی ہے مدح اُس کی بغیر از ہمہ او
شعلۂ شمع مگر شمع پہ باندھے آئیں

ہو وہ سرمایۂ ایجاد جہاں نازخرام
ہر کفِ خاک ہے واں گردۂ تصویرِ زمیں

مظہرِ فیضِ خدا جان و دلِ ختمِ رسل
قبلۂ آلِ نبی ، کعبۂ ایجادِ یقیں

نسبتِ نام سے اس کی ہے یہ رتبہ کہ رہے
ابداً پشتِ فلک خم شدۂ نازِ زمیں

جلوہ تحریر ہو نقشِ قدم اُس کا جس جا
وہ کفِ خاک ہے ناموسِ دو عالم کی امیں

فیضِ خلق اُس کا ہی شامل ہے کہ ہوتا ہے سدا
بوے گل سے نفسِ بادِ صبا عطر آگیں

بُرّشِ تیغ کا اُس کی ہے جہاں میں چرچا
قطع ہو جائے نہ سر رشتۂ ایجاد کہیں

کوہ کو بیم سے اُس کی ہے جگر باختگی
نہ کرے نذرِ صدا ورنہ متاعِ تمکیں

کفر سوز اُس کا یہ جلوہ ہے کہ جس سے ٹوٹے
رنگِ عاشق کی طرح رونقِ بت خانۂ چیں

وصفِ دُلدُل ہے مرے مطلعِ ثانی کی بہار
جنتِ نقشِ قدم سے ہوں میں اس کے گلچیں

## مطلع ثانی

گردِ رہ سرمہ کشِ دیدۂ اربابِ یقیں
نقشِ ہر گام دو عالم صفہاں زیرِ نگیں
برگِ گل کا ہو جو طوفانِ ہوا میں عالم
اُس کے جولاں میں نظر آئے ہے یوں دامنِ دیں
اُس کی شوخی سے بہ حسرت کدۂ نقشِ خیال
فکر کو حوصلۂ فرصتِ ادراک نہیں
جلوۂ برق سے ہو جائے نگہ عکس پذیر
اگر آئینہ بنے حیرتِ صورت گرِ چیں
جاں پناہا! دل و جاں فیض رساں بادشہا!
اے کہ تجھ سے ہے بہارِ چمنستانِ یقیں
ذوقِ گل چینیِ نقشِ کفِ پا سے تیرے
عرش چاہے ہے کہ ہو در پہ ترے خاک نشیں
تجھ میں اور غیر میں نسبت ہے ولیکن بہ تضاد
وصیِ ختمِ رسل تو ہے بہ اثباتِ یقیں
جسمِ اطہر کو ترے دوشِ پیمبر منبر
نامِ نامی کو ترے ناصیۂ عرش نگیں
تیری مدحت کے لیے ہیں دل و جاں کام و زباں
تیری تسلیم کو ہیں لوح و قلم دست و جبیں



آستاں پر ترے ہے[1] جوہرِ آئینۂ سنگ
رقمِ بندگیِ حضرتِ جبریلِ امیں
تیرے در کے لیے اسبابِ نثار آمادہ
خاکیوں کو جو خدا نے دیے جان و دل و دیں
داد! دیوانگیِ دل کہ ترا مدحت گر
ذرّے سے باندھے ہے خورشیدِ فلک پر آئیں
کس سے ہو سکتی ہے مدّاحیِ ممدوحِ خدا
کس سے ہو سکتی ہے آرائشِ فردوسِ بریں
یا علی[۴]! جنسِ معاصی اسد اللہ اسد
کہ سوا تیرے کوئی اُس کا خریدار نہیں
شوخیِ عرضِ مطالب میں ہے گستاخ طلب
ہے ترے حوصلۂ فضل پہ از بسکہ یقیں
دے دعا کو مری وہ مرتبۂ حُسنِ قبول
کہ اجابت کہے ہر حرف پہ سو بار آمیں
غمِ شبیر[رض] سے ہو سینہ یہاں تک لبریز
کہ رہیں خونِ جگر سے مری آنکھیں رنگیں
طبع کو الفتِ دُلدل میں یہ سرگرمیِ شوق
کہ جہاں تک چلے اُس سے قدم اور مجھ سے جبیں
دلِ اُلفت نسب و سینۂ توحید فضا
نگہِ جلوہ پرست و نفسِ صدق گزیں

---

۱- ''ترے'' اور ''ہے'' میں غالباً سہوِ کاتب سے تقدّم و تاخّر ہؤا ہے -

صرفِ اعدا اثرِ شعلۂ دودِ دوزخ
وقفِ احباب گل و سنبلِ فردوسِ بریں

### ایضاً فی المنقبت

جو نہ نقدِ داغِ دل کی کرے شعلہ پاسبانی
تو فسردگی نہاں ہے بہ کمینِ بے زبانی
بہ گمانِ قطعِ زحمت نہ دوچارِ خامشی ہو
کہ زبانِ سرمہ آلود نہیں تیغِ اصفہانی
بہ فریبِ آشنائی بہ خیالِ بے وفائی
نہ رکھ آپ سے تعلق مگر ایک بدگمانی
نظرے سوئے کہستاں نہیں غیرِ شیشہ ساماں
جو گدازِ دل ہو مطلب تو چمن ہے سنگجانی
بہ فرازِ گاہِ عبرت چہ بہار و کُو تماشا
کہ نگاہ ہے سیہ پوش بہ عزائے زندگانی
بہ فراقِ رفتہ یاراں خط و حرف سو پریشاں
دلِ غافل از حقیقت ہمہ ذوقِ قصّہ خوانی
تپشِ دلِ شکستہ پۓ عبرت آگہی ہے
کہ نہ دے عنانِ فرصت بہ کشاکشِ زبانی
نہ وفا کو آبرو ہے، نہ جفا تمیز جو ہے
چہ حسابِ جانفشانی، چہ غرورِ دلستانی
بہ شکنجِ جستجوہا، بہ سرابِ گفتگوہا
تگ و تازِ آرزوہا بہ فریبِ شادمانی



نہیں شاہراہِ اوہام، بجز آں سوئے رسیدن
تری سادگی ہے غافل درِ دل پہ پاسبانی
چہ امید و نا امیدی، چہ نگاہ و بے نگاہی
ہمہ عرضِ ناشکیبی، ہمہ سازِ جانستانی
اگر آرزو ہے راحت تو عبث بخوں طپیدن
کہ خیال ہو تعب کش بہ ہوائے کامرانی
شر و شورِ آرزو سے، تب و تابِ عجز بہتر
نہ کرے اگر ہوس پر غمِ بےدلی گرانی
ہوسِ فروختن ہا، تب و تابِ سوختن ہا
سرِ شمع نقشِ پا ہے، بہ سپاسِ ناتوانی
شررِ اسیرِ دل کو ملے اوجِ عرضِ اظہار
جو بہ صورتِ چراغاں کرے شعلہ نردبانی
ہوئے مشقِ جرأت ناز رہ و رسمِ طرحِ آداب
خمِ پشتِ خوش‌نما تھا بہ گذارشِ جوانی
اگر آرزو رسا ہو، پئے دردِ دل دوا ہو
وہ اجل کہ خوں بہا ہو بہ شہیدِ ناتوانی
غمِ عجز کا سفینہ بہ کنارِ بیدلی ہے
مگر ایک شہپرِ مور کرے سازِ بادبانی
مجھے انتعاشِ غم نے پئے عرضِ حال بخشی
ہوسِ غزل سرائی، تپشِ فسانہ خوانی

## مطلعِ ثانی

مجھے اُس سے کیا توقع بہ زمانۂ جوانی
کبھی کودکی میں جس نے نہ سُنی مری کہانی

دلِ نا اُمید کیونکر ، بہ تسلی آشنا ہو
جو امیدوار رہیے نہ بہ مرگِ ناگہانی

مجھے بادۂ طرب سے بہ خمار گاہِ قسمت
جو ملی تو تلخ کامی ، جو ہوئی تو سر گرانی

نہ ستم کراب تو مجھ پر کہ وہ دن گئے کہ ہاں تھی
مجھے طاقت آزمانی ، تجھے اُلفت آزمانی

یونہیں دکھ کسی کو دینا نہیں خوب ورنہ کہتا
کہ مرے عدو کو یارب! ملے میری زندگانی

بہ ہزار اُمید واری رہی ایک اشک باری
نہ ہُوا حصولِ زاری بجز آستیں فشانی

کروں عذرِ ترکِ صحبت سو کہاں وہ بے دماغی
نہ غرورِ میرزائی ، نہ فریبِ ناتوانی

ہمہ یک نفس تپش سے تب و تابِ ہجر مت پوچھ
کہ ستم کشِ جنوں ہوں ، نہ بقدرِ زندگانی

کفِ موجۂ حیا ہوں بہ گدازِ عرضِ مطلب
کہ سرشک قطرہ زن ہے بہ پیام دل رسانی

یہی بار بار جی میں مرے آئے ہے کہ **غالب**
کروں خوانِ گفتگو پر دل و جاں کی میہمانی

---

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

[1] نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

[2] آتشیں پا ہوں ، گدازِ وحشتِ زنداں نہ پوچھ
موئے آتش دیدہ ہے ہر حلقہ یاں زنجیر کا

شوخیِ نیرنگ صیدِ وحشتِ طاؤس ہے
دام سبزے میں ہے پروازِ چمن تسخیر کا

لذتِ ایجادِ ناز افسونِ عرضِ ذوقِ قتل
نعل آتش میں ہے ، تیغِ یار سے نخچیر کا

کاوکاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا ، لانا ہے جوئے شیر کا

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر حسب ذیل دو شعر باریک قلم سے خوش خط لکھے ہیں :

جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے
سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا

آگہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے
مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا

۲- اس شعر کے مصرع اول کے حاشیے پر یہ تحریر ہے :
"عبدالعلے ؔ"